21 مارچ 2012ء

اسٹیٹ بینک نے دی بینک آف ٹوکیو۔متسوبشی یوایف جے،لمیٹڈ کوبطوراین ایم آئی ماخوذہ کاروبارکرنے کی اجازت دے دی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے دی بینک آف ٹوکیو۔متسوبشی یوایف جے،لمیٹڈ کوبطوراین ایم آئی (Non-Market Maker Financial Institution) ماخوذہ کاروبار (صرف زرمبادلہ آپشنز کے لیے) کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک کی جانب سے ڈی ایم ایم ڈی سرکلرنمبر 5 مورخہ 21 مارچ،2012 جاری کردیا گیا۔

واضح رہے کہ چھ بینکوں بشمول سٹی بینک، ڈوچے بینک، فیصل بینک لمیٹڈ، حبیب بینک لمیٹڈ، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کو پاکستان میں بطور مجاز ماخوذہ ڈیلر مالی ماخوذیاتی کاروبارکرنے کی اجازت پہلے ہی دی جاچکی ہے۔

☆☆☆